# القصائد المنتخبة

جامعۃ المدینہ فیضان غوث اعظم سانده لاہور

استاد محترم :

محمد عمر مدنی

SALMAN AZHARI

طالبِ دعا :

درجہ خامسہ

کاتب :

محمد عدیل عطاری درجہ خامسہ

Scanned with CamScanner

# دیوانِ حسّان رضی اللہ عنہ

**کنیت:**

ابوالحسام

**نام:**

حسان

**وفات:**

آپ رضی اللہ عنہ نے مدینہ میں 120 سال کی عمر میں وفات پائی حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی خلافت میں بمطابق 54ھ میں۔

## دیوان

1- اغرّ علیه للنبوة خاتم
من الله مشهود یلوح و یشهد

روشن چہرے والے جن پر مہرِ نبوت
چمکتی ہے اسکو دیکھا بھی جاسکتا ہے اللہ کی طرف سے
گواہی دی گئی ہے۔

2- وضمّ الاله النبی الی اسمه
اذا قال المؤذن فی الخمس اشهد

اور اللہ نے اپنے نبی کے نام کو اپنے نام سے ملا لیا
جب مؤذن پانچ مرتبہ اشہد بولتا ہے

M T W T F S

تاریخ: ۱ / ۱ /

3- وشقّ له من اسمه لیجلّه
فذو العرش محمود وھذا محمّد

اللہ نے اپنے محبوب کا نام اپنے نام سے بنایا
تاکہ اسے عظمت و جلال بخشے عرش والا محمود
ہے اور یہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔

4- نبیٌّ اتانا بعد یأس وفترۃ
من الرسل والاوثان فی الارض تعبد

عرصہ دراز زمانہ فترت گزرنے اور ناامیدی کے بعد
پیارے آقا صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے
رسولوں میں سے اس حال میں کہ بتوں
کی پوجا کی جاتی تھی

| الفاظ | معانی |
|---|---|
| اغرّ | روشن چہرے والے |
| خاتم | مہر نبوت |
| مشھود | گواہی دی گئی |
| یلوح | چمکتے |
| یشھد | دیکھا جاتا |
| ضمّ | ملانا |
| شقّ | بنایا |
| یجلّ | عظمت و جلال بخشنا |
| یأس | ناامیدی |

M T W T F S تاریخ: ــــ/ــــ/ــــ

| الفاظ | معانی |
| --- | --- |
| فترۃ | زمانہ |
| اوثان | بُت |

5- فأمسی سراجاً مستنیرا وھادیا
یلوح کما لاح الصقیل المھنّد
آپ علیہ السلام روشن چراغ اور ھادی بن کر نمودار ہوئے
اس طرح چمکتے دمکتے جیسے ہندی لوہے کی تلوار چمکتی ہے

6- وانذرنا نارا وبشّر جنّۃ
وعلّمنا الاسلام فاللہ نحمد
آپ علیہ السلام نے ہمیں جہنم سے ڈرایا اور جنت کی خوشخبری دی
اور ہمیں اسلام سکھایا تو اسی بات پر ہم اللہ کی حمد کرتے ہیں

7- وانت الٰہ الخلق ربی وخالقی
بذلک ما عمرت فی الناس اشھد
اے رب العالمین تو ہی میرا رب اور میرا خالق ہے
اسی بات کی میں گواہی دیتا ہوں جب تک لوگوں میں زندہ رہوں۔

8- تعالیت رب الناس عن قول من دعا
سواک الٰھا انت اعلی وامجد
اے رب العالمین تیرے سوا اور کسی کو پوجنے والے ہر شخص کے عقیدے
سے تو پاک ہے حالانکہ تو ہی بزرگی والا بلند و بالا ہے۔

Scanned with CamScanner

M T W T F S — تاریخ: ___/___/___

۶- لك الخلق والنعماء والامر كله

فاياك نستهدى واياك نعبد

تیرے ہی تحت تمام مخلوق تمام نعمتیں اور تمام معاملات ہیں
تجھ ہی سے ہدایت طلب کرتے اور تیری ہی عبادت کرتے ہیں۔

| الفاظ | معانی |
|---|---|
| أمسى | نمودار ہوئے |
| سراجا | چراغ |
| مستنیرا | روشن |
| هاديا | ہدایت |
| يلوح | چمکتے |
| الصقيل | تیز تلوار |
| عمّرت | میں زندہ رہوں |
| تعاليت | تو پاک ہے |
| امجد | بزرگی والا |
| اعلیٰ | بلند و بالا |
| النعماء | نعمتیں |

Scanned with CamScanner

M T W T F S                                  تاریخ: ___/___/___

فلما سمع بذلك حسان رضی اللہ عنہ
قال بجواب الهاتف

1- لقد خاب قوم غاب عنهم نبيهم
وقدس من يسري اليهم ويغتدي

وہ قوم تباہ و برباد ہو گئی جن کو ان کے نبی علیہ السلام چھوڑ کر چلے گئے
اور وہ قوم پاک ہو گئی جن کے پاس نبی علیہ السلام گئے اور انہوں
نے آپ کی مدد کی۔

2- ترحل عن قوم فضلت عقولهم
وحل على قوم بنور مجدد

جس قوم سے آپ تشریف لے گئے اس قوم کی عقلیں گمراہ ہو گئیں۔
اور دوسری قوم کے پاس نئے نور کے ساتھ تشریف لائے۔

3- هداهم به بعد الضلال ربهم
وارشدهم من يتبع الحق يرشد

گمراہی کے بعد ان کے رب نے آپ کے ذریعے رہنمائی کی۔
جس نے حق کی پیروی کی وہ ہدایت یافتہ ہو گیا۔

Scanned with CamScanner

M T W T F S　　　　تاریخ: __/__/__

| الفاظ | معانی |
| --- | --- |
| خاب | تباہ برباد ہوگئے |
| غاب | چلے گئے |
| قدس | پاک ہوگئیں |
| یسری | گئے |
| بختری | صبح کے وقت گئے |
| ترحّل | تشریف لے گئے |
| فضلت | گمراہ ہوگئیں |
| عقول | عقلیں |
| حلّ | تشریف لانا |
| مجدد | نیا |
| ھداھم | ان کو ہدایت دی |
| الضلال | گمراہ |
| ارشد | رہنمائی کرنا |
| یتبع | پیروی |
| مرشد | رہنمائی، ہدایت یافتہ |

Scanned with CamScanner

4- وهل يستوي ضلال قوم تسفهوا

عمى ، وهداة يهتدون بمهتد

کیا قوم کے گمراہ لوگ جنہوں نے اندھیرے کی پیروی کی

اور ہدایت یافتہ لوگ جنہوں نے ہدایت بخشنے والے سے ہدایت پائی

برابر ہیں۔

5- لقد نزلت منه على اهل يثرب

ركاب هدى حلت عليهم بأسعد

اس قوم میں سے مدینہ والوں پر ہدایت کے سوار

برکتوں اور سعادتوں کے ساتھ تشریف لائے۔

6- نبيّ يرى ما لا يرى الناس حوله

ويتلو كتاب الله في كل مسجد

نبی وہ دیکھتے ہیں جو لوگ اپنے اردگرد نہیں دیکھتے۔

اور ہر مجلس میں اللہ کی کتاب کی تلاوت فرماتے ہیں۔

7- وان قال في يوم مقالة غائب

فتصديقها في اليوم او في ضحى الغد

اور اگر کسی دن غیب کی خبر دیں تو اس خبر کی تصدیق اسی

دن یا اگلے دن صبح سویرے کردی جاتی ہے۔

Scanned with CamScanner

M T W T F S — تاریخ: __/__/__

## 8- یمن ابابکر سعادۃ بدّہ

بصحبتہ، مَن یسعد اللہ یسعد

آپ علیہ السلام کی صحبت کی برکت سے حضرت ابوبکر کو ملنے والی برکتیں اور سعادتیں آپ کے لئے خوشی کا باعث ہونی چاہئیں جو اللہ سے خوش بختی طلب کرے وہ خوش بخت ہو جاتا ہے۔

| الفاظ | معانی |
| --- | --- |
| یستوی | برابر ہونا |
| ضلال | گمراہی |
| تسفّہوا | پیروی کرنا |
| عمیٰ | اندھیرا |
| ھداۃ | ہدایت |
| رکاب | سوار |
| اسعد | خوش بخت |
| حولہ | اپنے ارد گرد |
| غائب | غیب کی خبر دینا |
| ضحی | چاشت کا وقت |
| الغد | کل |
| یمن | ہونا |

تاریخ: ـــ/ـــ/ـــ

M T W T F S

# وقال فی اسد الغابة

1- متى يبد في الداجي البهيم جبينه

يلح مثل مصباح الدجى المتوقد

جب تاریک رات میں آپ علیہ السلام کی پیشانی ظاہر ہوتی ہے۔

تو وہ اندھیری رات میں چمکنے والے چاند کی طرح چمکتی ہے

2- فمن كان أو يكون كأحمد

نظام لحق او نكال لملحد

تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی طرح کون تھا یا ہوگا

آپ ہی حق کے پاسبان اور باطل کو ختم کرنے والے۔

| معانی | الفاظ |
| --- | --- |
| ظاہر ہونا | يبد |
| پیشانی | جبين |
| تاریک رات | الدجى البهيم |
| چاند | مصباح |
| بھڑکنا | المتوقد |
| پاسبان | نظام |
| ایسا کام جو دوسرے شخص کی عبرت کے لئے کیا جائے | نكال |
| ختم کرنے والے | لملحد |

Scanned with CamScanner

M T W T F S تاریخ: ___/___/___

من الثالث الطویل والقافیہ متواتر

۱- وانّ امرأً یمسی ویصبح سالمًا
من النّاس الّا ما جنی لسعید

وہ آدمی جو صبح وشام اس حال میں کرے کہ لوگوں کی مذمت سے محفوظ ہو وہ ضرور ضرور سعادت مند ہے جب تک کہ وہ کوئی جرم نہ کرے۔

۲- وانّ امرأً نال الغنی ثمّ لم ینل
صدیقا ولا ذا حاجۃ لزھید

اور جو شخص مالدار ہو جائے پھر وہ کوئی دوست یا محتاج نہ پائے تو ضرور وہ محروم ہے۔

۳- وانّ امرأً لاحی الرّجال علی الغنی
ولم یسأل اللّٰہ الغنی لحسود

اور جو شخص لوگوں کو مالداری پر ملامت کرے اور اللّٰہ سے مالداری طلب نہ کرے تو ضرور وہ حاسد ہے۔

| الفاظ | معانی |
|---|---|
| یمسی | شام کرتا ہے |
| سالما | سلامت |
| جنی | جرم کرتا |
| یصبح | صبح کرتا ہے |
| لسعید | ضرور وہ سعادت مند ہے |

Scanned with CamScanner

M T W T F S      تاریخ: ___/___/___

| الفاظ | معانی |
| --- | --- |
| نال | پانا |
| الغنی | مالدار |
| صدیقا | دوست |
| ذا حاجة | حاجت مند |
| نزهید | محروم |
| لاحی | ملامت کرنا |
| لم یسأل | طلب نہیں کیا |
| محسود | ضرور وہ حاسد ہے۔ |

Scanned with CamScanner

# وقال لعمرو بن العاص السہمی

۱- زعم ابن نابغۃ اللئیم بأننا
لا نجعل الانساب دون محمد

ابن نابغہ (یعنی عمرو بن عاص السہمی کمینے) کا خیال ہے کہ ہم
محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر اپنی جانیں قربان نہیں کرینگے۔

۲- اموالنا ونفوسنا من دونہ
من یصطنع خیرا یثب ویحمد

ہمارے مال و دولت اور ہماری جانیں آپ علیہ السلام پر قربان جو
بھلائی کرے گا ثواب اور تعریف دونوں کا حق دار ہوگا۔

۳- فتیان صدق کاللیوث مساعر
من یلقہم یوم الہیاج یعرد

ہم شیروں کی طرح سچے نوجوان اور جنگ کے شعلوں کو بھڑکانے والے
جو ہم سے جنگ کے دن ملے گا الٹے پاؤں بھگا دیا جائے گا۔

۴- قوم ابن نابغہ اللئام اذلۃ
لا یقبلون علی صفیر المرعد

ابن نابغہ کمینے کی قوم ذلیل ہے۔ خوف کی وجہ سے گھبرائے ہوئے شخص
کی آواز نہیں سنتے۔

M T W T F S　　تاریخ: ___/___/___

۵- و بنی لهم بیتًا ابوك مقصرا
كفرا و لؤما بئس بيت المحتد

اور تیرے باپ نے اس قوم کے لئے غلطی کرتے ہوئے کفر اور ملامت کا گھر بنایا درحقیقت وہ کیا ہی برا گھر ہے۔

| الفاظ | معانی |
|---|---|
| زعم | گمان کیا، خیال کیا |
| اللئيم | کمینہ |
| لا نجعل | ہم قربان نہیں ہونگے (معاذ اللہ) |
| الانساب | آباؤ اجداد سے ثابت شرف |
| نفوس | جانیں |
| يصطنع | بھلائی کرنا |
| يثب | ثواب کا حقدار |
| فتیان صدق | سچے نوجوان |
| كالليوث | شیر |
| مساعر | بھڑکانا |
| يوم الهياج | جنگ کا دن |
| يعرد | الٹے پاؤں بھاگنا |
| صفير المدعم | خوف کی وجہ سے گھبرانا |
| مقصّرا | غلطی کرنا |
| لؤما | ملامت |
| بيت المحتد | برا گھر |

M T W T F S — تاریخ: __/__/__

وقال "رضی اللہ عنہ" یرثي نافع بن بديل استشهد يوم بئر معونه

۱- رحم الله نافع بن بديل
رحمة المشتهي ثواب الجهاد

اللہ نافع بن بدیل پر رحم فرمائے ایسے جیسے جہاد کے ثواب کی خواہش رکھنے والے پر رحمت فرماتا ہے۔

۲- صابراً صادق الحديث اذا ما
اكثر القوم قال قول السداد

آپ صبر کرنے اور سچ بولنے والے تھے جب اکثر لوگ مختلف باتیں کرتے تو آپ سچی بات ہی فرماتے۔

| الفاظ | معانی |
| --- | --- |
| رحم | رحم فرمانا |
| مشتهي | خواہش رکھنے والا |
| صابراً | صبر کرنے والا |
| صادقاً | سچ بولنے والا |
| قول السداد | درست باتیں |

M T W T F S — تاریخ: ___/___/___

## و قال رضی اللہ عنہ

۱- فلمّا اناخوا بجنبی صرار
وشدّوا السّروج بلیّ الحزم
جب ہمارے قبیلے نے صرار پہاڑ کے قریب پڑاؤ ڈالا
تو انہوں نے آرام کرتے گھوڑوں کی زینوں کو کھول دیا۔

۲- فما راعهم غیر معج الخیول
والزّحف من خلفهم قد دهم
تو تیز دوڑنے والے گھوڑوں کے علاوہ انہیں کسی چیز نے خوف زدہ نہیں کیا
حالانکہ ان کے پیچھے لشکر بغیر تیاری کے آیا تھا۔

۳- فطاروا سراعاً وقد افزعوا
وطرنا الیهم کأسد الأجم
تو انہوں نے الگ الگ حملہ کر دیا حالانکہ وہ ڈرے ہوئے تھے
اور ہم ان پر جنگل کے شیروں کی طرح لپکے۔

۴- علی کلّ سلهبة فی الصیان
لا تستکین لطول السأم
اور ہم مضبوط کھال والے محافظ اور لمبے گھوڑوں پر سوار تھے
جو زیادہ تھکاوٹ کے بعد بھی آرام نہیں کرتے۔

۵- وکل کمیت مطار الفؤاد
امین الفصوص کمثل الزلم
اور ہم شیر دل والے اور چتکبرے گھوڑوں پر سوار ہوتے ہیں
جن کے جوڑ تیر کی طرح محفوظ ہیں۔

Scanned with CamScanner

M T W T F S تاریخ: ___/___/___

۶- عليها فوارس قد عادوا
قراع الكماة وضرب البهم
ان گھوڑوں پر سوار بہادر لوگوں سے لڑنے اور جنگ کرنے کے عادی ہیں

۷- ليوث إذا غضبوا في الحروب
لا ينكلون ولكن قدم
وہ بہادری میں شیروں کی طرح ہیں جب وہ جنگ میں غضبناک ہوتے ہیں
تو وہ بزدلی کی وجہ سے پیچھے نہیں ہٹتے بلکہ وہ آگے بڑھتے ہیں

۸- فأبنا بسادا تهم والنساء
قسرًا وأموالهم تقتسم
تو ہم ان کے سرداروں، عورتوں اور مال و دولت کے ساتھ
غالب ہو کر لوٹے پھر انہیں ہمارے درمیان تقسیم کیا گیا۔

۹- ورثنا مساكنهم بعدهم
وكنا ملوكا بها لم نرم
اور ہم ان کے بعد ان کے گھروں کے وارث بن گئے اور ہم
ان کے گھروں کے ایسے مالک بن گئے جو جدا ہونے والے نہیں

M T W T F S    تاریخ: ___/___/___

| الفاظ | معانی |
| --- | --- |
| انا خوا | پڑاؤ ڈالنا |
| جنیب | سفر و حضر کا ساتھی |
| ضرار | پہاڑ |
| شدّوا | گھورنا |
| راع | خوف زدہ ہونا |
| معج | تیز رفتار |
| خیول | گھوڑے |
| زحف | لشکر |
| دھم | بغیر تیاری کے اچانک آنا |
| طار | حملہ کرنا |
| سلالا | الگ الگ |
| افزعوا | گھبرانا |
| اسد | شیر |
| ایم | گھنے درخت |
| سلھبة | لمبا گھوڑا |
| صیان | جس چیز کے ذریعے حفاظت کرنا |
| تسکین | آرام کرنا |
| کمیت | سفید و سیاہ گھوڑا |
| مطار | زمین |
| فؤاد | دل |
| فصوص | جوڑ |

Scanned with CamScanner

| الفاظ | معانی |
| --- | --- |
| زُلَم | تیر |
| فوارس | سوار |
| عاودوا | کسی چیز کا عادی ہونا |
| قراع | تلواروں کے ساتھ لڑنا |
| کماۃ | بہادر لوگ |
| ضرب | جنگ |
| بُہم | بہادر |
| ینکلون | پیچھے ہٹنا |
| قدم | آگے بڑھنا |
| ابنا | لوٹنا |
| سادات | سردار |
| قسراً | غالب آنا |
| ورثنا | وارث بننا |
| ملوکا | بادشاہ |
| لم نرم | ہم جدا نہیں ہونگے۔ |

Scanned with CamScanner

تاریخ: __/__/__

M T W T F S

# فلما أتانا رسول المليك

۱- فلما أتانا رسول المليك
بالنور والحق بعد الظلم

جب ہمارے پاس ظلم کے بعد رب کائنات کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نور اور حق لیکر تشریف لائے۔

۲- ركنّا اليه ولم نعصه
غداة أتانا من ارض الحرم

ہم آپ کی طرف بڑھے اور آپ کی نافرمانی نہیں کی

اس صبح سے جس صبح آپ ہمارے پاس زمین حرم سے تشریف لائے۔

۳- وقلنا صدقت رسول المليك
هلمّ الينا وفينا أقم

ہم نے کہا یا رسول المليك صلی اللہ علیہ وسلم آپ نے سچ فرمایا

ہم پر نظر عنایت کیجئے اور ہمارے پاس ہی رہیئے

۴- فنشهد انك عند المليك
ارسلت حقا بدين قيم

ہم اس بات کی گواہی دیتے ہیں کہ آپ رب العالمین کی طرف

سے حق اور مضبوط دین دیکر بھیجے گئے۔

۵- فناد بما كنت اخفيته
نداء جهارا ولا تكتتم

جس بات کی آپ پوشیدہ دعوت دیتے تھے اس کی اعلانیہ دعوت

دیجئے اور چھپائیں نہ

٦- فإنا وأولادنا جنة

نقيك وفي مالنا فاحتكم

ہم اور ہماری اولاد آپ کے لئے ڈھال ہیں ہم آپ کی حفاظت کریں گے

آپ ہمارے مال میں جیسا چاہیں تصرف فرما سکتے ہیں۔

٧- فنحن ولاتك إذ كذبوك

فنادِ نداءً ولا تحتشم

ہم آپ کے مددگار ہیں جب وہ آپ کو جھٹلائیں

علانیہ دعوت دیجئے اور شرمائیں نا حیا نہ فرمائیں۔

٨- فطار الغواة بأشياعهم

إليه يظنون أن يخترم

باغی اور فسادی لوگ اپنے پیروکاروں کے ساتھ آپ کی طرف بڑھے

اس خیال سے کہ آپ کو شہید کر لیں گے۔

٩- فقمنا بأسيافنا دونه

نجالد عنه بغاة الأمم

ہم اپنی تلواروں کے ساتھ آپ کے سامنے کھڑے ہو جائیں گے اور

ہم آپ سے امت کے سرکش باغی لوگوں کا دفاع کریں گے۔

Scanned with CamScanner

M T W T F S تاریخ: __/__/__

| الفاظ | معانی |
| --- | --- |
| اتی | آنا |
| ملیک | عظیم سلطنت کا بادشاہ |
| نور | روشنی |
| ظلم | اندھیرا |
| رکنا | مائل ہونا |
| عصی | نافرمانی |
| ھلمّ | ہم پر نظر کرم کیجئے |
| اقم | ٹھہرنا |
| قیم | درست |
| نادِ | بلند آواز سے پکارنا |
| اخفی | چھپانا |
| نکثتم | اعلان کی نقیض |
| جنّۃ | ڈھال |
| نفیک | بچنا |
| فاحتکم | فیصلہ کرنا |
| ملاتک | کسی کے ساتھ کھڑا ہونا |
| لا تحتشم | حیاء نہ فرمائیں |
| فدائی | فسادی |
| اشباع | پیروکار |
| ان یحتدم | قتل کرنا |
| اسیاف | تلوار |

T W T F S

تاریخ: ___/___/___

| الفاظ | معانی |
| --- | --- |
| دُونَه | سامنے |
| تُجَادِل | دفاع کرنا |
| بُغَاة | باغی |
| أُمَم | امتیں |

Scanned with CamScanner

M T W T F S تاریخ: ___/___/___

# دیوانِ امام شافعی

## جواب اللئیم:

۱- قل بما شئت فی مسبة عرضی
فسکوتی عن اللئیم جواب

میری عزت کو داغ دار کرنے کے لئے جو چاہو کہو
کمینے آدمی کو میری خاموشی ہی جواب ہے۔

۲- ما انا عادم الجواب ولکن
ما من الاسد ان تجیب الکلاب

ایسا نہیں ہے کہ میں جواب نہیں دے سکتا ہوں
شیروں کی یہ شان نہیں کہ کتوں کو جواب دیں۔

| الفاظ | معانی |
| --- | --- |
| مسبۃ | داغ دار |
| عرض | عزت |
| سکوت | خاموش ہونا |
| عادم | عاجز ہونا |
| الکلاب | کُتّے |

M T W T F S

تاریخ: ___/___/___

# الفرج قریب

۱- صبرا جمیلا ما اقرب الفرجا
من راقب اللّٰہ فی الامور نجا

صبر کیجئے راحت کتنی قریب ہے جس نے
تمام معاملات میں اللّٰہ سے التجاء کی وہ نجات پاگیا۔

۲- من صدق اللّٰہ لم ینلہ اذی
ومن رجاہ یکون حیث رجا

جو اللّٰہ سے مخلص ہوگیا اسے تکلیف نہیں پہنچے گی اور
جس نے اللّٰہ سے امید رکھی اللّٰہ عزوجل اس کی امید کے مطابق
اس کی مدد فرمائے گا۔

| الفاظ | معانی |
|---|---|
| صبرا | صبر |
| جمیلا | راحت |
| اقرب | قریب ہونا |
| الفرجا | راحت |
| راقب | التجاء کرنا |
| نجا | نجات پاگیا |
| لم ینل | نہیں پہنچے گی |
| رجا | امید کرنا |

Scanned with CamScanner

M T W T F S　　　　تاریخ: ۔۔۔۔/۔۔۔۔/۔۔۔۔

## الصمت شرف

۱- قالوا سکت وقد خوصمت قلت لھم
ان الجواب لباب الشر مفتاح

میرے دوست احباب نے مجھ کہا کہ آپ جواب دینے سے خاموش رہے۔
حالانکہ آپ سے جھگڑا کیا گیا میں نے انہیں کہا جواب شر کے دروازے کی
چابی ہے۔

۲- والصمت عن جاھل او احمق شرف
وفیه ایضا لصون العرض اصلاح

جاہل اور بیوقوف آدمی کو جواب دینے سے خاموشی بہتر ہے۔
اور جواب دینے سے خاموش رہنا عزت کی حفاظت کا بہترین طریقہ ہے۔

۳- اما تری الأسد تخشی وھی صامتة
والکلب یخسا لعمری! وھو نباح

کیا تو نہیں دیکھتا کہ شیر خاموش ہو تو بھی اس سے ڈر لگتا ہے
میری زندگی کی قسم کتا بھونکے تو اسے پتھر مارے جاتے ہیں۔

| الفاظ | معانی |
| --- | --- |
| سکتّ | خاموش رہنا |
| خوصمت | جھگڑا کرنا |
| لباب الشرّ | شر کا دروازہ |
| مفتاح | چابی |
| احمق | بے وقوف |

Scanned with CamScanner

M T W T F S    تاریخ: / /

| معانی | الفاظ |
| --- | --- |
| عزت | شرف |
| عزت کی حفاظت کرنا | تصون العرض |
| اصلاح + طریقہ | اصلاح |
| شیر | الأسد |
| ڈرنا | تخشی |
| خاموش | صامتۃ |
| کتّا | الکلب |
| ڈر لگنا | یخسا |
| میری زندگی کی قسم | لعمری! |
| بھونکنا | نبّاح |

M T W T F S  تاریخ: __/__/__

## حرکی العلم نور ہے

۱۔ شکوت الی وکیع سوء حفظی

فأرشدنی الی ترک المعاصی

اور میں نے اپنے استاد وکیع سے حافظے کی

کمزوری کی شکایت کی تو انہوں نے مجھے گناہوں سے بچنے کی رہنمائی کی

۲۔ وأخبرنی بأن العلم نور

ونور اللہ لا یھدی لعاصی

اور مجھے بتایا کہ علم نور ہے اور

اللہ کا نور گناہگاروں کو نہیں ملتا۔

| الفاظ | معانی |
|---|---|
| شکوت | میں نے شکایت کی |
| وکیع | نام |
| سوء | برا |
| أرشد | رہنمائی کرنا |
| ترک | چھوڑنا |
| معاصی | گناہ گار |
| لا یھدی | نہیں ملتا |

M T W T F S                    تاریخ: __/__/__

# فضل العلم

۱- العلم من فضله لمن خدمه

ان يجعل الناس كلهم خدمه

جو شخص علم کی خدمت کرتا ہے تو علم کی فضیلت یہ ہے

کہ وہ تمام لوگوں کو اس شخص کا خادم بنا دیتا ہے.

۲- فواجب صونه عليه كما

يصون فى الناس عرضه ودمه

اس خادم علم پر علم کی خدمت کرنا اس طرح ضروری ہے

جیسے وہ لوگوں میں اپنی جان اور عزت کی حفاظت کرتا ہے.

۳- فمن حوى العلم ثمّ اودعه

بجهله غير اهله ظلمه

تو جس شخص کو علم ملا پھر اس نے اپنی نادانی کی وجہ سے

علم نا اہل کو دے دیا تو اس نے ظلم کیا.

| معانی | الفاظ |
| --- | --- |
| خدمت | خدمه |
| بنا دے گا | يجعل |
| ضروری | فواجب |
| حفاظت کرنا | صونه |
| وہ مرتبہ جس کی بندہ حفاظت کرتا ہے. | عرضه |

Scanned with CamScanner

M T W T F S    تاریخ: __ / __ / __

| الفاظ | معانی |
| --- | --- |
| ورمہ | خون + جان |
| تؤی | مائل ہونا |
| اودعہ | سپرد کرنا |
| ظلمہ | کسی چیز کو غیر محل میں رکھنا |

## الصالحون

۱- إنَّ للہ عبادًا فطنا
ترکوا الدنیا وخافوا الفتنا

بیشک اللہ کے کچھ سمجھدار مخلص بندے جنہوں نے
فتنوں میں پڑجانے کے ڈر سے دنیا کو ترک کر دیا

۲- نظروا فیھا فلمّا علموا
انّھا لیست لحیّ وطنا

انہوں نے دنیا میں غور و فکر کیا تو انہیں معلوم ہوا
کہ دنیا لوگوں کے لئے دائمی وطن نہیں ہے۔

| الفاظ | معانی |
| --- | --- |
| فطنا | سمجھدار |
| خافوا | وہ ڈریں |
| الفتنا | فتنہ |
| وطنا | وطن |

-3

جعلوھا لجّۃ واتّخذوا

صالحے الاعمال فیھا سفنا

انہوں نے دنیا کو گہرا سمندر اور نیک اعمال کو اس میں کشتی بنالیا

| الفاظ | معانی |
|---|---|
| لحیّ | دالمیں |
| لجّۃ | گہرا |
| اتخذوا | بنالیا |
| سفنا | کشتی |

## ٹوٹو اللسان ٹوٹو

ا- احفظ لسانک ایّھا الاُنسان

لا یلدغنّک انہ ثعبان

اے انسان اپنی زبان کی حفاظت کر

یہ تجھے ڈس نہ لے کیونکہ یہ سانپ ہے

۲- کم فی المقابر من قتیل لسانہ

کانت تھاب لقاءہُ الاُقران

زبان کی وجہ سے مرنے والے کتنے ہی قبروں میں

ایسے ہیں جن سے ان کے ساتھی ملنے سے ڈرتے ہیں

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| ایّھا الانسان | اے انسان | قتیل | مرنے والا |
| لا یلدغنّک | تجھے ڈس نہ لے | تھاب | ڈرنا |
| ثعبان | سانپ | لقاءہ | ملنا |
| مقابر | قبریں | اقران | دوست |

Scanned with CamScanner

M T W T F S تاریخ: ___/___/___

# الغنی الفانی

۱۔ یا من تعزّز بالدّنیا و زینتھا
الدّھر یأتي علی المبنيّ و الباني

اے دنیا اور اس کی زینت سے عزّت حاصل کرنے
والے مصیبت عمارت اور تعمیر کرنے والے
دونوں پر آتی ہے۔

۲۔
و من یکن عزّہ الدّنیا و زینتھا
فعزّہ عن قلیل زائل فاني

اور جس کی عزت دنیا اور اس کی زینت سے ہو
تو جلد ہی اس کی عزت ختم ہو جائے گی

۳۔
و اعلم! بأنّ کنوز الأرض من ذھب
فاجعل کنوزک من برّ و ایمان

جان لو کہ زمین کا خزانہ سونا ہے
تو تو نیکی اور ایمان کو اپنا خزانہ بنا

| معانی | الفاظ |
|---|---|
| عزت حاصل کرنا | تعزّز |
| مصیبت + آفت | الدّھر |
| عمارت تعمیر کرنے والا | مبنی |
| جلد ہی | قلیل |
| ختم ہونے والی | زائل فانی |

Scanned with CamScanner

M T W T F S تاریخ: ___/___/___

| الفاظ | معانی |
| --- | --- |
| کنوز | خزانہ |
| الباقی | ایسا شخص جو ہر وقت گرجا گھر میں عبادت میں رہتا ہے۔ |

## القضاء والقدر

۱۔

انّ الطّبیب بطبّہ ودوائہ
لایستطیع دفاع مکروہٍ أتی

طبیب اپنے علم طب اور دوائی سے درپیش بیماری کو دور نہیں کر سکتا

۲:

ما للطّبیب یموت بالدّاء الّذی
قد کان یُبرئ جُرحہ فیما مضی

وگرنہ طبیب اس بیماری کے سبب نہ مرتا جس بیماری کے مریضوں کو وہ زمانہ ماضی میں ٹھیک کرتا رہا۔

۳۔

ذھب المداوی والمداوی والّذی
جلب الدّواء وباعہ ومن اشتری

طبیب مریض دوائی لانے والا بیچنے والا اور خریدنے والا ہر ایک دنیا فانی سے کوچ کر گیا

M T W T F S

تاریخ: ___/___/___

| الفاظ | معانی |
| --- | --- |
| دفاع | دور کرنا۔ ٹالنا |
| مکروہ | ناپسندیدہ چیز (مطلب) بیماری |
| آتی | در پیش |
| ابری پھیری | ٹھیک کرنا۔ شفا دینا |
| جلب | ایک چیز کو دوسری جگہ لے جانا |

Scanned with CamScanner

تاریخ: ___/___/___

M T W T F S

# معلقہ زھیر ابن ابی سلمی

۱۔

أمن أمّ اوفی دمنۃ لم تکلّم
بحومانۃ الدّرّاج فالمتثلّم

کیا یہ امّ اوفی کے گھر کے نشانات ہیں جو جواب نہیں دیتے
جو گھر دُرّاج سے لیکر متثلّم کی سخت
زمین پر واقع ہے۔

۲۔

وقفت بھا من بعد عشرین حجّۃ
فلأیًا عرفت الدّار بعد توھّم

میں اس گھر میں بیس سال بعد ٹھرا
کافی دیر ٹھر کر غور و فکر کے بعد میں نے گھر کو پہچانا

۳۔

فأقسمت بالبیت الّذی طاف
حولہ رجال بنوہ من قریش وجرھم

میں اس معزز گھر کی قسم کھاتا ہوں جس کے ارد گرد
قریش اور جرھم قبیلے کے ایسے لوگوں نے طواف کیا
جنھوں نے اسے تعمیر کیا تھا

M T W T F S

تاریخ: ___/___/___

۴۔

یمیناً لنعم السیدان وجدتما

علی کل حال من سحیل ومبرم

میں اس معزز گھر کی قسم کھاتا ہوں تم (دونوں) بہترین سردار ہو

تمہیں مضبوط اور کمزور ہر حال میں کامل پایا گیا

۵۔

تدارکتما عبسا وذبیان بعد ما

تفانوا ودقوا بینھم عطر منشم

تم نے قبیلہ عبس اور ذبیان میں صلح کروائی بعد اس کے

کہ وہ ایک دوسرے کو فنا کر دیتے تھے اور انہوں نے باہم اپنے

درمیان منشم نامی عورت کا عطر لگا لیا تھا

۶۔

وما الحرب الا ما علمتم وذقتم

وما ھو عنھا بالحدیث المرجم

جنگ وہی چیز ہے جسے تم جانتے ہو اور جس کا تم

مزہ چکھ چکے

اور یہ جنگ کے بارے میں کوئی غیر یقینی بات

نہیں ہے۔

Scanned with CamScanner

M T W T F S تاریخ: __/__/__

۷۔

رأيت المنايا خبط عشواء من تصب

تمته ومن تخطئ يعمر فيهرم

میں نے موت کو نابینا اونٹنی کے ٹیڑھے چلنے کی طرح دیکھا جسے پہنچتی ہے اسے ہلاک کر دیتی ہے اور جس سے خطا کرتی ہے (جسے نہیں پہنچتی) اسے زندگی لمبی عمر دی جاتی ہے کہ وہ بوڑھا ہو جاتا ہے

۸۔

ومن يك ذا فضل فيبخل بفضله

على قومه يستغن عنه ويذمم

اور جس کے پاس ضرورت سے زائد مال ہو اور وہ اپنی قوم پر زائد مال خرچ کرنے میں بخل کرے

تو اس سے بے پرواہ ہو جاتے ہیں اور اس کی مذمت کی جاتی ہے۔

۹۔

ومن هاب أسباب المنايا ينلنه

وان يرق أسباب السماء بسلّم

اور جو موت کے اسباب سے ڈرتا موت اسے پہنچ کر رہتی ہے۔

اگر چہ وہ سیڑھی کے ذریعے آسمان کے دروازوں پر چڑھ جائے

Scanned with CamScanner

M T W T F S تاریخ: ــــ/ــــ/ــــ

۱۰۔

ومن يجعل المعروف في غير أهله

يكن حمده ذماً عليه ويندم

اور جو نا اہل سے بھلائی کرے گا

تو اس کی حمد اس کے لیے مذمت بن جائے گی اور وہ

شرمندہ ہو گا

۱۱۔

وإنّ سفاه الشيخ لا حلم بعده

وإنّ الفتى بعد السفاهة يحلم

بڑا آدمی کم عقل ہونے کے بعد عقلمند نہیں ہوتا

نوجوان بے وقوف ہونے کے بعد بھی عقلمند ہو جاتا ہے۔

| الفاظ | | معنی: |
| --- | --- | --- |
| امّ اوفیٰ | " | محبوبہ کا نام |
| دمنة | " | گھر کے نشانات |
| حومانة | " | سخت پتھریلی زمین |
| درّاج + متثلّم | " | جگہوں کے نام |
| حجّة | " | سال |
| فلأيا | " | کافی دیر ٹھہرنا + مشقت |
| توهّم | " | غور فکر، سوچ و بچار |
| بنوه | " | تعمیر کرنا - بنانا |
| قریش + جُرهم | " | دو قبیلوں کے نام |

M T W T F S  تاریخ: ___/___/___

طاف یطوف : چکر لگانا

یمینا : اقسم کا مندیل سونے کی وجہ سے منسوب ہے

سحیل : وہ رسی جس کا ایک تاگ ہو
یعنی : کمزور رسی

مبرم :
وہ رسی جس کے دو تاگ ہو جس کو بیٹا جائے
یعنی : مضبوط رسی

تدارکتما : کسی چیز کی تلافی کرنا _ نقصان کو پورا کرنا

عبس و ذبیان : یہ دو قبیلوں کے نام ہیں

تفانوا : باہم ایک دوسرے کو فنا کرنا

دقوا : ملنا _ ظاہر کرنا _ لگانا

منشم : عورت کا نام

ذقلتم : چکھنا

حدیث مرجب :
وہ بات [illegible] جس میں اندازہ لگایا
جائے گمان کے مطابق بیان کیا جائے اور حقیقت
کا علم نہ ہو۔

سنایا (مینۃ کی جمع ہے) موت

خبط : سیدھا نہ چلنا

عشواء : ایسی اونٹنی جو آگے نہ دیکھ سکتی ہو

Scanned with CamScanner

M T W T F S

تاریخ: ___/___/___

| | | |
|---|---|---|
| تُهمتُہُ | 〃 | جس سے غلطی کرتی ہے |
| یُعمِّرُ | 〃 | عمر دینا |
| یهرم | 〃 | بوڑھا ہونا |
| فضل | 〃 | ضرورت سے زائد چیز |
| تهاب | 〃 | ڈرنا |
| یبلغنا | 〃 | پانا۔ پہنچنا۔ رسائی حاصل کرنا |
| یرقیٰ | 〃 | چڑھنا |
| سُلّم | 〃 | سیڑھی |
| معروف | 〃 | بھلائی |
| یندم | 〃 | شرمندہ کرنا |
| سفاہ | 〃 | کم عقل |
| حلم | 〃 | عقل مندی |

Scanned with CamScanner

M T W T F S تاریخ: ___/___/___

# معلقۃ لبید بن ربیعۃ

## تعارف:

**نام:** لبید بن ربیعہ

**کنیت:** ابو عقیل

آپ بہت بہادر شہسوار اور بہت سخی تھے آپ اسلام کی دولت سے سرفراز ہوئے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے وفد بھی رہے۔ آپ کو صحابہ میں سے شمار کیا جاتا تھا
حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کے دین و اشعار کی تعریف کی۔

## اشعار

۱۔

عفت الدیار محلھا فمقامھا
بمنیً تأبد غولھا فرجامھا

مقام منی میں چند دن اور زیادہ مدت قیام کیے جانے والے گھروں کے نشانات بھی مٹ گئے
اور مقام غول اور رجام کے گھروں سے وحشت ہونے لگی

۲۔

دمن تجرم بعد عھد أنیسھا
حجج خلون حلالھا وحرامھا

ان گھروں کے نشانات پر ان کے رہائشیوں کے گزر جانے کے بعد کئی سال اپنے حلال و حرام مہینوں کے ساتھ گزر گئے

۳۔

فعلا فروع الأيهقان وأطفلت

بالجلهتين ظباؤها ونعامها

نباتات کی شاخیں بڑھ گئیں اور وادی کے کناروں

میں ہرنی نے بچے دیے اور شترمرغ نے انڈے دیے

۴۔

وجلا السيول عن الطلول كأنها

زبر تجد متونها أقلامها

لگاتار سیلاب نے گھروں کے نشانات ظاہر کر دیے گویا وہ کتابیں ہیں

جن کے متنوں کو قلموں نے نیا کر دیا (دوبارہ لکھ دیا)

۵۔

فوقفت أسألها وكيف سؤالنا

صمًّا خوالد ما يبين كلامها

تو میں ٹھہرا تاکہ ان گھروں کے نشانات سے سوال کروں اور ہم باقی

(بہرے) بچے پتھروں سے کیسے سوال کریں

جو ہمارے سوال کا جواب ہی نہیں دیتے

۶۔

أولم تكن تدري نوار بأنني

وصّال عقد حبائل جذّامها

تو کیا میری محبوبہ نوار نہ جانتی تھی کہ میں

محبت کے تعلق کو بہت زیادہ جوڑنے والا

اور توڑنے والا ہوں

M T W T F S  تاریخ: __/__/__

-۷

من معشر سنّت لھم آباؤھم
ولکلّ قوم سنّۃ و إمامھا

ہم ایسی جماعت ہیں جن کے لیئے ان کے اباؤ اجداد نے
طریقے ایجاد کر دیئے

اور ہر قوم کا ایک طریقہ اور اس طریقے
کا ایک امام (پیشوا) ہوتا ہے۔

-۸

فاقنع بما قسم الملیك فإنّما
قسم الخلائق بیننا علّامھا

تو تو رب کائنات کی تقسیم کاری پر راضی رہ کیونکہ
سب سے زیادہ عمدہ اخلاق جاننے والے نے ہمارے
درمیان اخلاق کو تقسیم کیا۔

| الفاظ | معنی |
|---|---|
| عفت | نشان مٹنا |
| محلّ | وہ جگہ جہاں چند دن ٹھہرا جائے |
| مقام | وہ جگہ جہاں زیادہ دیر ٹھہرا جائے |
| تأبد | وحشت ہونا |
| غول و رجام | یہ جگہوں کے نام ہیں |
| دمن (دمنۃ کی جمع) | گھر والوں کے نشانات |
| تجرّم | مکمل گزر جانا |

Scanned with CamScanner

M T W T F S  تاریخ: ــــ/ــــ/ــــ

| | |
|---|---|
| أنيسها | وہ بندہ جس سے انسان مانوس ہو جائے |
| خلون | گزرنا |
| حجج | (حجۃ کی جمع) سال |
| حلال | حلال مہینے |
| حرام | حرام مہینے |
| شروع | شاخیں |
| الأيهقان | مخصوص قسم کی جڑی بوٹی |
| أطفلت | بچہ جننا |
| جهلتين | وادی کے دونوں کنارے |
| ظباؤها | ہرن |
| نعامها | شتر مرغ |
| رجلا | ظاہر ہونا + واضح کرنا |
| السيول | (سیل کی جمع) سیلاب |
| الطلول | (طلل کی جمع) گھروں کے نشانات |
| زُبُرٌ | (زبور کی جمع) کتاب |
| تجد | نیا کرنا |
| صمّا | بہرہ (یعنی نہ سننے والے پتھر) |
| نوار | عورت کا نام ہے۔ |
| وصّال | ملنا + جوڑنا |
| حبائل | (حبالۃ کی جمع) رسی |
| جذّام | (یہ اسم مبالغہ کا صیغہ ہے) توڑنا |

Scanned with CamScanner

M T W T F S تاریخ: ــــ/ــــ/ــــ

معشر — جماعت

سنّت — مضبوط کرنا + ایجاد کرنا

فاقنع — تقسیم کرنا + راضی رہنا

الملیک — اللہ کے ناموں میں سے ہے

الخلائق (خلیقۃ کی جمع) — عمدہ + خصوصیات

## معلقۃ عمرو بن کلثوم

### مختصر تعارف

**نام:** عمرو بن کلثوم

یہ قبیلہ بنو تغلب سے تعلق رکھنے والا تھا جب ۱۵ سال کا ہوا تو اپنی قوم کا سردار بن گیا اور اس قدر بیدار تھا کہ لوگ اس کی مثالیں بیان کرتے تھے۔ فصیح و بلیغ اور خالص عربی زبان جاننے والا تھا اس نے ۱۵۰ سال عمر پائی

### اشعار

۱۔

أَلَا هُبِّي بِصَحْنِكِ فَاصْبَحِينَا
وَلَا تُبْقِي خُمُورَ الْأَنْدَرِينَا

اے محبوبہ نیند سے جاگ جاؤ اور اپنے بڑے پیالے سے صبح صبح ہمیں شراب پلاؤ اور اندرین شہر کی کوئی شراب نہ چھوڑنا

M T W T F S تاریخ: ___/___/___

۲۔

صبنت الكأس عنّا أمّ عمرو
وكان الكأس مجراها اليمينا

اے ام عمرو تو نے ہم سے پیالہ پھیر لیا
حالانکہ پیالے کی چلنے کی سمت دائیں
جانب سے ہوتی تھی۔

۳۔

وما شرّ الثلاثة أمّ عمرو
بصاحبك الذي لا تصبحينا

اے ام عمرو تیرے تینوں دوست بُرے نہیں ہیں
تیرے اس دوست سے جسے تو نے صبح شراب
نہیں پلائی

۴۔

أبا هند فلا تعجل علينا
وأنظرنا نخبّرك اليقينا

اے ابو ہند ہم پر جلدی نہ کر
ہمیں کچھ مہلت دے ہم تجھے یقینی (پختہ) خبر دیں گے

۵

بأنّا نورد الرايات بيضًا
ونصدرهنّ حمرًا قد رُوينا

کہ ہم صاف شفاف سفید جھنڈے داخل کریں گے (دشمنوں کے سینوں میں)
اور ان جھنڈوں کو سرخ کر کے (سینوں سے

M T W T F S تاریخ: __/__/__

نکالیں گے اس حال میں کہ وہ خون سے سیراب ہونگے

۶۔

ورثنا المجد قد علمت معدّ

نطاعن دونہ حتّی یبینا

اور قبیلہ معد کو پتا چل گیا کہ ہم ہی شرف و بلندی کے وارث بنے

ہم ان سے دشمنوں کا دفاع کریں گے یہاں

تک کہ وہ شرف ظاہر ہو جائے گا!!

۷۔

ألا لا یجھلن أحد علینا

فنجھل فوق جھل الجاھلینا

خبردار ہم سے کوئی جاہلیت کا برتاؤ نہ کرے

ہم جاہلوں کی جہالت سے بڑھ کر انہیں بدلا دیں گے

۸۔

تھدّدنا و أوعدنا رُوَیدا

متی کنّا لأمّک مقتوینا

تو ہمیں ڈراتا دھمکاتا ہے

ہم تیری ماں کے خادم تو نہیں

۹

إذا بلغ الفطام لنا صبیٌّ

تخرّ لہ الجبابر ساجدینا

جب ہمارا بچہ دودھ چھوڑنے کے قریب ہوتا ہے

تو ظالم بادشاہ بھی اس کے سامنے گر پڑتا ہے۔

Scanned with CamScanner

M T W T F S　　　　تاریخ: ___/___/___

| الفاظ | | معانی |
| --- | --- | --- |
| فَاصْبَحِینَا | (یہ امر سے ہے) | صبح کے وقت شراب پلانا |
| اندرین | | بستی کا نام ہے۔ |
| | | مطلب شہر سے ایک دن اور ایک رات سفر |
| | | دور ایک بستی کا نام ہے |
| صبن یعبن | " | پھیر لینا + روکنا |
| کأس | " | پیالہ |
| الیقینا | " | پختہ خبر |
| نُورِد | " | داخل کرنا |
| الرایات | " | نیزہ |
| بیضاً | " | چمک دھمک + سفید |
| نُصْدِرهن | " | نکالنا |
| رُوینا | " | سیراب کرنا |
| المجد | " | شرف و بلندی |
| معد | " | یہ قبیلے کا نام ہے۔ |
| نطاعن | " | دفاع کرنا |
| یبینا | " | ظاہر ہونا |
| نجهل | دوسرا نجهل | معنی بدلہ دینا، انجام دینا |
| تهدّدنا | " | ڈرانا + دھمکانا |
| اوعدنا | " | ڈرانا |
| رُویداً | " | اس سے پہلے آمهلنا ہے جس کا یہ مفعول بن (معلق) رہا ہے اسی وجہ سے یہ منصوب ہے۔ |

M T W T F S

تاریخ: ___/___/___

مقتوینا — خادم

فطام — وہ بچہ جس کو دودھ چھڑوا لیا جائے

تخر — بلندی سے نیچے کی طرف گرنا

جبابر — ظالم بادشاہ

<==x—x—x—x—x==>

## معلقہ عنترہ بن شداد

تعارف:

نام: عنترہ بن شداد بن عمر عیسی مضری

کنیت: ابو المغلس

اس کی والدہ ایک حبشی لونڈی تھی جسے شداد نے
ایک غزوے میں قیدی بنایا تھا

اسے عنترہ الفلح بھی کہا جاتا ہے
کیونکہ اس کے نیچے والے ہونٹ کچھ پھٹے ہوئے تھے
اور اسے عنترۃ الفوارس بھی کہتے ہیں
کیونکہ یہ بہادری میں مشہور تھا

فرمان آخری نبی صلی اللہ علیہ وسلم
کئی اعرابیوں نے میری تعریف
کی تو مجھے عنترہ کا اندازہ توصیف اچھا لگا

M T W T F S

تاریخ: __/__/__

## اشعار

۱۔

هل غادر الشّعراء من متردّم

أم هل عرفت الدّار بعد توهّم

شاعروں نے قابل پیوند کچھ نہیں چھوڑا

کیا وہموں گمان کے بعد تو نے اپنی محبوبہ کے

گھر کو پہچان لیا

۲۔

ولقد نزلت فلا تظنّی غیرہ

منّی بمنزلۃ المحبّ المکرم

اور تو محبت کرنے والے معزز شخص کے مقام پر آئی

اپنے علاوہ میرے دل میں کسی کے آنے کا گمان نہ کر

۳۔

أثنيْ عليّ بما علمت فإنّني

سمحٌ مخالقتي إذا لم أظلم

اے میری محبوبہ! میری ان اوصاف کی تعریف کر

جو تو جانتی ہے

کیونکہ میں نرم دل عمدہ اخلاق والا ہوں

جبتک مجھ پر ظلم نہ کیا جائے

Scanned with CamScanner

M T W T F S تاریخ: __/__/__

۴۔

وإذا صحوت فما أقصر عن ندى
وكما علمت شمائلي وتكرمي

اور جب میں نشے سے ہوش میں آتا ہوں تو
میں سخاوت میں کمی نہیں کرتا

اور میرے اخلاق اور سخاوت ایسے ہی
ہیں جن کو تو جانتی ہے

۵۔

هلا سألت الخيل يا ابنة مالك!
إن كنت جاهلة بما لم تعلمي

اے مالک کی بیٹی تو نے میرے اوصاف
شاہسواروں سے سوال نہ پوچھے
اگر تجھے معلوم نہ تھا

۶۔

يخبرك من شهد الوقيعة أنني
أغشى الوغى وأعف عند المغنم

جنگ میں جانے والا شخص تجھے بتائے گا کہ میں
جنگ پر تیزی سے چڑھائی کرتا ہوں
اور مال غنیمت کی تقسیم کاری میں
شریک ہونے سے بچتا ہوں

Scanned with CamScanner

M T W T F S تاریخ: ___/___/___

۷

يدعون عنتر والرماح كأنها

أشطان بئر في لبان الأدهم

وہ عنتر کو پکار رہے ہیں اس حال میں کہ

ادھم گھوڑے کے سینے میں نیزے کنویں کی رسیوں کی

طرح داخل ہیں۔

۸

ما زلت أرميهم بثغرة نحره

ولبانه حتى تسربل بالدم

میں گھوڑے کے سینے کے ذریعے دفاع کرتے ہوئے

انہیں تیر مارتا رہا یہاں تک کہ وہ خون سے لت پت ہو گئے

۹

فازور من وقع القنا بلبانه

وشكا إلي بعبرة وتحمحم

تو گھوڑا سینے میں نیزہ لگنے کی وجہ سے واپس پلٹا

اور اس نے مجھ آنسوؤں اور آواز کے ذریعے شکایت کی

۱۰

لو كان يدري ما المحاورة اشتكى

ولكان لو علم الكلام مكلمي

اگر وہ جانتا کہ مکالمہ کیا ہوتا ہے تو وہ گفتگو کر کے شکایت کرتا

اگر وہ کلام کرنا جانتا تو وہ ضرور مجھ سے کلام کرتا

M T W T F S  تاریخ: __/__/__

۱۱۔

ولقد شفی نفسی وأذهب سقمها

قیل الفوارس ویک عنتر أقدم

اور میرے دل نے شفا پائی اور اس کی بیماری کو شاہسواروں کے

اس قول نے ٹھیک کر دیا

حیرانگی ہے عنترہ آگے بڑھو

| الفاظ | معانی |
| --- | --- |
| ۱۔ غادر | چھوڑنا |
| متردم | کپڑے کا بوسیدہ ہو کر قابل پیوند ہونا |
| ہل | شروع میں استفہام انکاری ہے |
| أثني | تعریف بیان کرنا |
| سمح | نرم دل |
| خالقتی | عمدہ اخلاق |
| صحوت | نشے سے ہوش میں آنا |
| أقصر | کوتاہی کرنا |
| ندی | سخاوت |
| شمائلی | شمال کی جمع، اخلاق |
| تکرمی | جود و سخاوت |
| الخیل | گھوڑا، شاہسوار |

کا اس سے پہلے [illegible] ذھاب محذوف ہے

جس کا معنی شاہسوار ہے۔

M T W T F S — تاریخ: ___/___/___

ابنة مالك ، لڑکی کا نام ہے۔

اہل عرب اسی طرح پکارتے ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| وقیعة | (کی جمع وقائع) | جنگ کا نام |
| أغشى | " | تیزی سے چڑھائی کرنا + چھا جانا + ڈھانپ لینا |
| الوغى | (مرادی معنی جنگ) | اکھٹی آوازیں |
| أعفّ | " | حیا کی وجہ سے کسی چیز سے بچنا |
| مغنم | " | مال غنیمت |
| والرماح | " | نیزہ |
| أشطان | " | رسیاں |
| لبان | " | سینہ |
| ثغرة | " | سینے کا اوپرا حصہ |
| نحره ولبانه | " | حلق |
| تسربل | " | خون میں بھیگ جانا |
| فازورّ | " | پلٹنا + بکھرنا |
| وقع | " | کسی چیز کے ذریعے مارنا |
| القنا | "(ارماح) | نیزہ |
| لبان | " | سینہ |
| شكا | " | شکایت کرنا |
| عبرة | " | آنسو |
| تحمحم | " | گھوڑے کی آواز |

Scanned with CamScanner

M T W T F S تاریخ: ___/___/___

سُقم — بیماری

فوارس — فارس کی جمع (شاہسوار)

ویک — (تعجب کے لیے ہے) حیرانگی + افسوس

اُقدم — آگے بڑھنا۔

## معلقہ حارث بن حلّزۃ الیشکری

## اشعار

1-

آذنتنا ببینھا اسماء

رُبّ ثاو یملّ منه الثواء

ہمیں میری محبوبہ اسماء نے اپنی جدائی کی خبر دی

بہت سے ٹھہرنے والے ایسے ہیں جن کے ٹھہرنے سے

انسان اکتا جاتا ہے

2-

آذنتنا بینھا ثمّ ولّت

لیت شعری! متی یکون اللقاء

اس نے ہمیں اپنی جدائی کی خبر دی پھر اس نے پیٹھ پھیر لی (چلی گئی)

کاش مجھے معلوم ہوتا کہ پھر ملاقات کب ہوگی

Scanned with CamScanner

M T W T F S — تاریخ: ___/___/___

۳۔ وأتانا من الحوادث والأنباء
خطب نعني به ونساء

اور ہمیں حادثات اور خبروں سے ایسا اہم معاملہ (صدمہ) پہنچا جس نے ہمیں اذیت زدہ تکلیف والا اور غمگین کر دیا

۴۔

أن إخواننا الأراقم يغلون
علينا في قيلهم إخفاء

وہ یہ کہ ہمارے اراقم بھائی ہمارے معاملے میں حد سے بڑھتے ہیں
اور بات میں مبالغہ کرتے ہیں

۵۔

يخلطون البريء منا بذي الذنب
ولا ينفع الخلي الخلاء

وہ ہم میں سے گناہوں سے پاک آدمی کو گناہ والے کے ساتھ ملاتے ہیں

اور گناہوں سے بری ہونا بھی گناہوں سے پاک آدمی کو نہیں فائدہ دیتا۔

۶۔

أيها الناطق المرقش عنا
عند عمرو وهل لذاك بقاء

اے عمرو بن منذر کے پاس ہمارے بارے میں قابل سرزنش بات کرنے والے
کیا یہ قابل سرزنش بات باقی رہے گی

Scanned with CamScanner

M T W T F S تاریخ: ۔۔۔/۔۔۔/۔۔۔

-۷

لا یقیم العزیز بالبلد الھی السھل

ولا ینفع الذلیل النجاء

معزز آدمی کھلی جگہ پر نہیں رہ سکتا

اور ذلیل آدمی کو بھاگنا فائدہ نہیں دیتا

(x—x—x—x)

| الفاظ | | معانی |
|---|---|---|
| آذنتنا | ، | خبر دینا۔ اعلان کرنا |
| بین | ، | جدائی۔ فراق |
| ثاو | ، | ٹھہرنا۔ مقیم ہونا |
| یمل | ، | اُکتا جانا |
| الثواء | ، | ٹھہرنا۔ اقامت اختیار کرنا |
| ولت | ، | پیٹھ پھیرنا |
| شعری | ، | مطلع ہونا۔ خبردار ہونا |
| حوادث | ، | وہ مصیبت جو انسان کو درپیش رہتی ہے |
| أنباء | (نبأ کی جمع) | بڑی خبر |
| خطب | ، | بڑا معاملہ |
| نفی | ، | تکلیف اٹھانا |
| نساء | ، | غمگین ہونا |

M T W T F S　　　　تاریخ: ___/___/___

| | |
|---|---|
| أراقم | قبیلہ بنو تغلب کی ایک شاخ ہے |
| یغلون | حد سے بڑھنا |
| أخفاء | کلام یا لڑائی میں مبالغہ کرنا |
| یخلطون | ملانا |
| البری | (صفت مشبہ کا صیغہ) گناہوں سے پاک |
| الخلیّ | گناہوں سے پاک آدمی |
| الخلاء | گناہوں سے پاک ہونا |
| المرقّش | ملامت کرنا۔ سرزنش کرنا |
| بقاء | باقی |
| النجاء | بھاگنا + نجات |

Scanned with CamScanner

## باب الحماسة

## وقال السموأل بن عادیاء

## اشعار

۱۔

إذا المرء لم يدنس من اللؤم عرضه
فكلّ رداء يرتديه جميل

جب آدمی کی عزت بخل کی وجہ سے میلی نہ ہو
تو ہر چادر جسے وہ پہنے وہ خوبصورت لگتی ہے

۲۔

وإن هو لم يحمل على النفس ضيمها
فليس إلى حُسن الثناء سبيل

اور اگر انسان اپنی ذات پر ظلم برداشت نہ کرے
تو عمدہ ترین کا اور کوئی راستہ نہیں

۳۔

تعيّرنا أنّا قليل عديدنا
فقلت لها إنّ الكرام قليل

تو ہمیں آزماتی ہے کہ ہماری تعداد کم ہے
میں نے اسے کہا کہ معزز لوگ بہت کم ہوتے ہیں

M T W T F S     تاریخ: ___/___/___

۴-

وما قلّ من كانت بقاياه مثلنا
شباب تسامى للعلى وكهول

اور جن لوگوں کی اولاد ہماری طرح کی ہو وہ کم نہیں ہوتے گنتی میں
ہمارے بوڑھے اور جوان بلندی میں دوسروں سے بڑھ جاتے ہیں

۵-

وما ضرّنا أنّا قليل وجارنا
عزيز وجارُ الأكثرين ذليل

اور یہ بات ہمیں نقصان دہ نہیں ہے کہ ہم تھوڑے ہیں

۶-

لنا جبل يحتلّه من نجيره
منيع يردّ الطرف وهو كليل

ہمارا ایک بلند پہاڑ ہے جس میں جو بھی داخل ہو سکتا ہے
جسے ہم پناہ دیں گے

اور وہ پہاڑ اپنی بلندی کی وجہ سے نظروں کو کمزور
کر کے اور تھکا کر واپس لوٹا دیتا ہے۔

۷-

رسا أصله تحت الثرى وسما به
إلى النجم فرع لا ينال طويل

اس کی جڑیں سات زمینوں کے نیچے تک جمی ہوئی ہیں اور اس پہاڑ
کی چوٹی اسے ثریا ستارے تک بلند کرتی ہے۔ اس تک پہنچا نہیں جا سکتا

Scanned with CamScanner

M T W T F S تاریخ: __/__/__

۸-

هو الأبلق الفرد الّذي شاع ذكره

يعزّ على من رامه ويطول

وہ ایسا سیاہ و سفید منفرد پہاڑ ہے جس کا ذکر عام ہے

جو شخص اس پر چڑھنے کا ارادہ رکھتا ہے وہ اس پر غلبہ پالیتا ہے

۹-

وإنّا لقوم ما نرى القتل سبّة

إذا ما رأته عامر وسلول

اور ہم ایسی قوم ہیں جو قتل کو برا نہیں سمجھتی

جبکہ قبیلہ عامر اور سلول اسے برا سمجھتے ہیں

۱۰-

يقرّب حبّ الموت آجالنا لنا

وتكرهه آجالهم فتطول

موت کی محبت ہمارے لیئے ہماری موت کے اوقات

کو قریب دیتی ہے

اور ان کے موت کے اوقات موت کو نا پسند کرتے ہیں

تو ان کی موت لمبی ہو جاتی ہے

۱۱-

وما مات منّا سيّد حتف أنفه

ولا طلّ منّا حيث كان قتيل

ہم میں سے کوئی بھی سردار اپنی طبعی موت نہیں مرتا

اور ہمارے کسی بھی مقتول کا خون رائیگاں نہیں جاتا خواہ وہ کہیں بھی ہو

۱۳-

تسیل علی حد الظبات نفوسنا

ولیست علی غیر الظبات تسیل

ہمارے خون تلوار کی دھار پر ہی بہتے ہیں

اور ہمارے خون تلواروں کی دھار کے علاوہ پر نہیں بہتے

| الفاظ | | معانی |
|---|---|---|
| لم یدنس | " | کپڑے کا میلا ہونا |
| اللؤم | | (ادنیٰ، فقیر، ساقط) ، بخل |
| عرض | " | عزت |
| رداء | " | چادر |
| ضیم | ، | ظلم |
| تعبّرنا | ، | آڑ ڈالنا |
| الکرام | " | عزت ، معزز |
| شباب | " | جوانی |
| تسامی | ، | ایک دوسرے سے ترقی میں سبقت لے جانا |
| یحتلہ | ، | مقیم ہونا |
| نجیرہ | " | پناہ دینا |
| منیع | " | ایسی چیز جو نظر کو پہنچنے سے مانع ہو |
| کلیل | " | نظر کا کمزور ہونا اور تھکنا |
| رسا | " | مضبوطی سے قائم ہونا اور جما ہوا ہونا |
| تحت الثری | ، | ساتوں زمینوں کے نیچے |

Scanned with CamScanner

M T W T F S　　　　　تاریخ: ___/___/___

سما " بلند ہونا

فرع " کسی شے کا اوپر والا حصہ

أُبلق " سیاہ و سفید

یعزّ " غلبہ پانا

شاع " عام ہونا

سبّةٌ " جس کی وجہ سے برا بھلا کہا جائے

حتف " بستر کی موت (طبعی موت)

الطلّ " خون کا رائیگاں جانا

حدّ " دھار

الظبّاب " تلواریں

تسیل " [illegible] بہنا

Scanned with CamScanner

M T W T F S (باب الأدب) تاریخ: __/__/__

(قال سالم بن وابصة الأسدي)

۱۔

أحب الفتى ينفي الفواحش سمعه

كأن به عن كل فاحشة وقرا

میں ایسے نوجوان کو پسند کرتا ہوں جس کے

کان بُری باتوں کی نفی کرتے ہیں

گویا کہ اس کے کان پر بُری بات سے بہرے ہیں

۲۔

سليم دواعي الصدر لا باسطا أذى

ولا مانعا خيرا ولا قائلا هجرا

میں ایسے نوجوان کو پسند کرتا ہوں جس کا سینہ

برے خیالات سے محفوظ ہو

تکلیف دینے والا بھلائی سے روکنے والا

اور فضول بات نہ کرنے والا ہو

۳۔

اذا شئت أن تدعى كريما مكرما

أديبا ظريفا عاقلا ماجدا حرا

جب تو چاہے کہ تجھے سخی معزز ذہین

عقل مند بزرگی والا آزاد پکارا جائے

M T W T F S تاریخ: ___/___/___

۴-

إذا ما أتت من صاحب لك زلّة

فلن أنت محتالا لزلّته عذرا

جب تیرے دوست سے غلطی ہو جائے تو

تو اس کی غلطی کے عذر کا حیلہ تلاش کر

۵-

غنی النّفس ما یکفیک من سدّ خلّة

فإن زاد شیئا عاد ذاک الغنی فقرا

نفس کا اپنے مال کے ساتھ بے پرواہ ہونا

جو تجھے فقر سے نکالنے کا فی ہو

اور اگر اور مال طلب کرے گا تو یہ غنی فقر میں تبدیل ہو جائے گا

| الفاظ | | معانی |
|---|---|---|
| فواحش | ، | بُری بات |
| سمع | " | کان (سننا) |
| هجرا | " | فضول بات کرنا |
| وقرا | " | بہرہ |
| زلّة | " | غلطی |
| محتالا | " | حیلہ |

Scanned with CamScanner

M T W T F S

تاریخ: ___/___/___

# دیوان المتنبّي

## (وقال یرثي والدۃ سیف الدولۃ)

### (اشعار)

۱-

نعد المشرفیّۃ والعوالي
وتقتلنا المنون بلا قتال

ہم تلواریں اور نیزے تیار کرتے رہے
اور موت نے ہمیں بغیر قتال کے مار دیا

۲-

ونرتبط السوابق مقربات
وما ینجین من خبب اللیالی

اور ہم تیز رفتار گھوڑوں کو اپنے گھروں
کے قریب باندھتے ہے
پھر بھی وہ ہمیں راتوں کے سفر سے
نجات نہیں دیتے

۳-

ومن لم یعشق الدنیا قدیما
ولکن لا سبیل إلی الوصال

اور کون ہے جو پہلے دنیا کا عاشق نہیں ہوتا

M T W T F S    تاریخ: __/__/__

-۴

نعيبك في حياتك من حبيب

نعيبك في منامك من خيال

تیری زندگی میں تیرا محبوب سے اتنا ہی حصہ ہے

جتنا تیرے خواب میں تجھے خیالات سے ہوتا ہے

-۵

رماني الدهر بالأرزاء حتى

فؤادي في غشاء من نبال

مجھے زمانہ نے مصیبتوں کے تیر مارے یہاں تک کہ

میرا دل تیروں سے ڈھپ گیا (ڈھانپا گیا)

-۶

فصرت إذا أصابتني سهام

تكسرت النصال على النصال

تو میرا حال یہ ہو گیا کہ جب مجھے تیر لگتا

تو تیر کی نوک نوک پر لگ کر ٹوٹ جاتی ہے

-۷

وهان فما أبالي بالرزايا

لأني ما انتفعت بأن أبالي

مصیبتیں مجھ پر آسان ہو گئی تو مجھے مصیبتوں کی کوئی پرواہ نہیں

کیونکہ مجھے مصیبتوں کی پرواہ کرکے کوئی

فائدہ حاصل نہیں ہوا

M T W T F S تاریخ: __/__/__

٨-

وھذا أوّل النائمین طرّا

لأوّل میتة فی ذا الجلال

اور یہ اس عظمت والی سلطنت میں پہلی فوتگی کی پہلا خبر دینے والا ہے۔

٩-

کأنّ الموت لم یفجع بنفس

ولم یخطر لمخلوق ببال

گویا کہ موت نے کسی کو تکلیف نہ دی اور نہ ہی کسی مخلوق کے دل پر اس کا خیال گزرا

١٠-

صلاة الله خالقنا حنوط

علی الوجه المکفّن بالجمال

ہمارے پروردگار کی رحمتیں اس چہرے پر کافور کی طرح ہیں جو حسن و جمال کے ساتھ ڈھانپ لیا گیا

١١-

علی المدفون قبل الترب صونا

وقبل اللحد فی کرم الخلال

مٹی میں مدفون ہونے سے پہلے محفوظ جگہ میں دفن ہے

اور لحد میں دفن ہونے سے پہلے عمدہ خصلتوں میں مدفون ہیں۔

M T W T F S  تاریخ: ___/___/___

| معانی | | الفاظ |
|---|---|---|
| تلواریں - نیزے | " | العوالي |
| وہ لوہا جو تیر میں ہوتا ہے + نوک | " | النصال |
| ذلیل و حقیر ہونا - ہلکا ہونا | " | هان |
| مصیبت | " | بالرزايا |
| بے پرواہ ہونا | " | أبالي |
| وہ شخص جو فوت ہونے کی خبر دیتا ہے | " | الناعين |
| سب کے سب | " | طرا |
| تکلیف دینا | " | لم يفجع |
| دل | " | بال |
| پہنانا - ڈھانپ لینا | " | الملفن |
| وہ خوشبو جو غسل میت کے لیے لگاتے ہیں | " | حنوط |

M T W T F S تاریخ: __/__/__

# القصائد المتفرقة

## (أبو العلاء المعري)

## (تعب كلها الحياة)

## (اشعار)

1-

غير مجدٍ في ملّتي واعتقادي

نوح باكٍ ولا ترنّم شادِ

میرے خیال اور میری ملت کے مطابق

رونے والے کا نوحہ کرنا اور "گانا" گانے والے کا "گانا" گانا میں

کوئی فائدہ نہیں۔

2-

وشبيهٌ صوت النعيّ إذا

قيس بصوت البشير في كلّ نادِ

اور باہم موازنہ کیا جائے تو موت کی خبر دینے والے کی آواز

ہر مجلس ہر جگہ میں میں خوشخبری دینے والے کی آواز سے ملتی ہے۔

3-

أبكت تلكم الحمامة أم غنّت

على فرع غصنها الميّاد

کیا یہ کبوتری رو رہی ہے یا گا رہی ہے

اس ٹہنی کی شاخ پر جو ہل رہی ہے

Scanned with CamScanner

M T W T F S تاریخ: ___/___/___

۴۔

صاحِ هذي قبورنا تملأ الرحب
فأين القبور من عهد عاد

اے سمجھدار آدمی۔ ہماری قبروں نے کشادہ
جگہ کو بھر دیا
تو قوم عاد کے زمانے کی قبریں کہاں ہیں۔

۵۔

خفّف الوطء ما أظنّ أديم
الأرض إلّا من هذه الأجساد

آہستہ چلو میرا خیال ہے کہ زمین کی سطح
انہیں جسموں سے ہی بنی ہوئی ہے

۶۔

وقبيح بنا وإن قدم العهد
هوان الآباء والأجداد

اور یہ ہمارے لیے بڑی بات ہے اور ہمارے باپ دادا
اجداد کے لیے ذلت ہے اگرچہ انہیں کافی وقت ہو گیا ہے

۷۔

سر إن استطعت في الهواء رويدا
لا اختيالا على رفات العباد

اگر تو ہوا میں آرام سے چل سکتا ہے تو چل
بندوں کی بوسیدہ باقیات پر اکڑ کر نہ چل

Scanned with CamScanner

۸-

ربّ لحد قد صار لحداً مراراً

ضاحکٍ من تزاحم الأضداد

کتنی قبریں ایسی ہیں جو کئی بار قبریں بن چکیں

وہ مخالف مزاج لوگوں کے ہجوم پر ہنستی ہیں

۹-

ودفینٍ علی بقایا دفینٍ

فی طویل الأزمان والآباد

اور بہت سے لوگ مدفون لوگوں کی باقیات پر

عرصہ دراز اور کئی سال گزرنے کے سبب مدفون ہیں۔

۱۰-

فاسأل الفرقدین عمّن أحسّا

من قبیلٍ وآنسا من بلاد

تو اُن دو ستاروں سے ان لوگوں کے بارے میں پوچھو

جن ستاروں نے قبیلوں کو پایا اور شہروں کو دیکھا

۱۱-

کم أقاما علی زوال نہار

وأنارا لمدلجٍ فی سواد

اور کتنی دیر سے وہ دونوں غروب آفتاب کے وقت

ٹھہرے رہے ہیں۔

اور کتنی دیر سے وہ اندھیرے میں مسافر کے لیے روشنی

کر رہے ہیں

M T W T F S تاریخ: ___/___/___

۱۴۔

تعبٌ كلّها الحياة فما أعجب

إلّا من راغبٍ في ازدياد

تمام کی تمام زندگی تھکاوٹ ہے

تعجب اس بات پر ہے کہ لوگ اس کے بڑھنے

کی رغبت رکھتے ہیں

| الفاظ | | معانی |
| --- | --- | --- |
| غیر مجد | " | فائدہ نہ ہونا |
| باکٍ | " | رونے والا |
| ملّتي | " | مسلک ، ملت |
| شاد | " | گانا گانے والا |
| صوت النّعيّ | " | موت کی خبر دینے والا |
| صاح | " | سمجھدار ۔ عقل مند |
| تملأ | " | بھرنا |
| الرُّحْب | " | کشادہ |
| خفّف | " | [illegible] ہلکا کرنا |
| الوطء | " | چلنا |
| أديم | " | سطح ، زمین کا اوپر والا حصہ |
| رويدا | " | مہلت دینا |
| اختيال | " | تکبر کرنا ۔ اکڑ کر چلنا |
| رُفات | " | بچی چیزیں ، باقیات |

Scanned with CamScanner

M T W T F S

تاریخ: ۱ ۱

| | |
|---|---|
| تزاحم | " ہجوم |
| اضداد | " مخالف مزاج لوگ |
| آبا | " سال |
| فرقدین | " آسمان میں دو ستارے |
| اُحسّا | " جاننا - معلوم کرنا |
| آنسا | " دیکھنا |
| قبیل | " قبیلے |
| زوال | " ڈھلنا |
| اُنارا | " روشن کرنا |
| لمدیح | " مسافر |
| سواد | " تاریکی - اندھیرا |
| ازدیاد | " پڑھنا |

تاریخ: ___/___/___

M T W T F S

# محبِ آلِ محمدؐ

## اشعار

۱۔

تناقّدن قلبي والفؤاد
وأرّق نومي والسّهاد عجيب

میرا دل آنکھیں بھر رہا ہے اور غمگین ہے
اور میری آنکھوں سے نیند اڑ گئی اور خواب کا نہ آنا
بھی عجیب بات ہے۔

۲۔

فمن مبلّغ عنّي الحسين رسالة
وإن كرهها أنفس وقلوب

تو کون ہے جو میرا پیغام امام حسین تک پہنچا دے
اگرچہ کئی لوگ اور دل اس بات کو ناپسند کرتے ہیں

۳۔

ذبيح بلا جرم كأنّ قميصه
صبيغ بماء الأرجوان خضيب

بغیر جرم کے ذبح (شہید) کیے گئے گویا کہ آپ کی قمیص
درخت کے سرخ پتوں کے پانی کے ساتھ رنگی ہوئی ہے

۴۔

فللسيف إعوال وللرّمح رنّة
وللخيل من بعد الصّهيل نحيب

تلواریں رو اٹھیں اور نیزے چیخ پڑے
اور گھوڑوں نے ہنہنانے کے بعد رونا ہی ہے

Scanned with CamScanner

M T W T F S تاریخ: __/__/__

۵۔

تزلزلت الدّنیا لآل محمّد

و کادت لھم صمّ الجبال تذوب

خاندانِ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے واقعہ سے دنیا کانپ اٹھی

اور قریب ہے کہ ان کی وجہ سے سخت پہاڑ پگھل جائیں

۶۔

و غارت نجوم و اقشعرّت کواکب

و ھتّک أستار و شقّ جیوب

اور تارے دھنس گئے اور ستاروں پر کپکپی طاری ہو گئی

اور پردے اور کپڑوں کے دامن پھاڑ دیئے گئے

۷۔

یصلّی علی المبعوث من آل ھاشم

و یغزی بنوہ إنّ ذا لعجیب

قبیلہ ھاشم میں سے مبعوث نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) پر درود پڑھا جائے

اور اس کی اولاد سے لڑا جائے یقیناً یہ عجیب بات ہے

۸۔

لئن کان ذنبی حبّ آل محمّد

فذلک ذنب لست عنہ أتوب

اگر میرا گناہ آل محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) سے محبت کرنا ہے

تو یہ ایسا گناہ ہے جس سے میں توبہ نہیں کروں گا

Scanned with CamScanner

M T W T F S

تاریخ: ___/___/___

۹

هم شفعائي يوم حشري وموقفي
إذا ما بدت للنّاظرين خطوب

وہ پیارے کل بروز محشر میں میرے شفیع ہونگے
جب دیکھنے والوں کے لیے بڑی بڑی مصیبتیں ظاہر ہو رہی ہونگی۔

| الفاظ | | معانی |
| --- | --- | --- |
| تأوّه | 〃 | آہ آہ کرنا |
| كئيب | 〃 | غمزدہ ہونا۔ غمگین ہونا |
| أرّق | 〃 | نیند کا اڑ جانا |
| فالسّهاد | 〃 | خواب کا نہ آنا |
| الأرجوان | 〃 | سُرخ پتوں والا درخت |
| إحوال | 〃 | رونا۔ گریہ وزاری کرنا |
| للرّمح | 〃 | نیزہ |
| رنّة | 〃 | چیخ و پکار کرنا |
| الخيل | 〃 | گھوڑے |
| صهيل | 〃 | ہنہنانا |
| نحيب | 〃 | رونا |
| صمّ | 〃 | سخت |
| تذوب | 〃 | پگھلنا |

M T W T F S — تاریخ: ___/___/___

| | | |
|---|---|---|
| عادت | ، | دھنسنا |
| نجوم | ، | ستارے |
| اقشعریت | ، | کپکپی طاری ہونا |
| بھتّک | ، | پھاڑ دیے گئے |
| اُستاد | ، | پیٹرے |
| جیبوں | ، | کپڑوں کے دامن |